BNPH401DET

بنیادی شماریاتی طبیعیات

(Basic Statistical Physics)

بی۔ایس سی۔(آنرس)

چار سالہ پروگرام

چوتھا سمسٹر(طبیعیات)

مرکز برائے فاصلاتی و آن لائن تعلیم

مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی

حیدرآباد۔32، تلنگانہ، بھارت

Copyright © 2026, Maulana Azad National Urdu University, Hyderabad
All right reserved. No part of this publication may be reproduced or transmitted in any form or by any means, electronically or mechanically, including photocopying, recording or any information storage or retrieval system, without prior permission in writing form the publisher (registrar@manuu.edu.in)

ISBN : 978-81-68324-07-7
Course : Basic Statistical Physics
First Edition : August 2026
Copies : 600
Price : 105/- (The price of the book is included in admission fee of distance mode students)

Course Coordinator

Dr. Priya Hasan, Asst. Prof. (Physics), School of Sciences, MANUU, Hyderabad

Editorial Board/Editors

Prof. H. Aleem Basha,
Prof. (Physics),
School of Sciences, MANUU

Dr. Priya Hasan,
Asst. Prof. (Physics),
School of Sciences, MANUU

Dr. Rizwanul Haq Ansari,
Asst. Prof. (Physics),
School of Sciences, MANUU

Dr. Zia Ur Rahman,
Asst. Prof. (C) / Guest Faculty (Physics),
CDOE, MANUU

Dr. Mohd Akmal Khan,(Language Editor)
Asst. Prof. (C) / Guest Faculty(Urdu),
CDOE, MANUU

Production

Prof. Nikhath Jahan,
Professor (Urdu),
CDOE ,MANUU

Mr. P Habibulla,
Assistant Registrar, Purchase & Stores Section, MANUU

Dr. Mohd Akmal Khan,
Assistant Professor (C)/Guest Faculty,
CDOE, MANUU

Mohd Abdul Naseer,
Section Officer, CDOE, MANUU

Shaik Ismail,
UDC, CDOE, MANUU

Syed Faheemuddin, LDC
Purchase & Stores Section, MANUU

On behalf of the Registrar, Published by:
Centre for Distance and Online Education
Maulana Azad National Urdu University
Gachibowli, Hyderabad-500032 (TG), India
*Director:*dir.dde@manuu.edu.in*Publication:*ddepublication@manuu.edu.in
Phone number: 040-23008314 Website: manuu.edu.in

CRC Prepared by the Dr. Zia Ur Rahman, Faculty of Physics, CDOE, MANUU

Printed at: Print Time & Business Enterprises, Hyderabad

فہرست

پیغام	وائس چانسلر، مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی	5
پیغام	ڈائرکٹر، مرکز برائے فاصلاتی و آن لائن تعلیم	6
کورس کا تعارف	کورس کوآرڈی نیٹر (طبیعیات)	7

اکائی نمبر	اکائی کا نام	مصنف	صفحہ نمبر
	بلاک I		
اکائی 1	شماریاتی میکانکس کا تعارف	ڈاکٹر ضیاء الرحمن	9
اکائی 2	شماریاتی میکانیات	پروفیسر ایچ۔ علیم باشا، ڈاکٹر ذاکر مرزا	15
اکائی 3	میکس ویل بولٹز من کا تقسیمی کلیہ	پروفیسر ایچ۔ علیم باشا، ڈاکٹر ذاکر مرزا	27
اکائی 4	قدرتی شماریات	ڈاکٹر ضیاء الرحمن	35
اکائی 5	شماریات کے تینوں کلیات کے مابین تقابل	پروفیسر ایچ۔ علیم باشا، ڈاکٹر ذاکر مرزا	43
	مزید مطالعے کے لیے تجویز کردہ کتابیں		52
	نمونہ امتحانی پرچہ		**53**
	لَیب مینول (Lab Manual)		**55**
اکائی 1	پلانک کا مستقلہ	ڈاکٹر ضیاء الرحمن	56
اکائی 2	تھرمسٹر	ڈاکٹر ضیاء الرحمن	70
اکائی 3	کولنگ کا نیوٹنز کلیہ	ڈاکٹر ضیاء الرحمن	82
	نمونہ امتحانی پرچہ		**95**

مصنفین کی تفصیلات

(Writer's Details)

Prof. H. Aleem Basha ,Professor (Physics), School of Sciences, MANUU, Hyderabad	پروفیسر ایچ۔ علیم باشا پروفیسر (طبیعیات)، اسکول برائے سائنسی علوم، مانو، حیدرآباد
Dr. Zakir Mirza(Retd),Associate Prof., (Physics), Osmania University, Hyderabad	ڈاکٹر ذاکر مرزا (ریٹائرڈ)، ایسوسی ایٹ پروفیسر (طبیعیات)، عثمانیہ یونیورسٹی، حیدرآباد۔
Dr. Zia Ur Rahman, Asst. Prof.(Contractual) /Guest Faculty(Physics),CDOE,MANUU, Hyderabad	ڈاکٹر ضیاء الرحمن، اسسٹنٹ پروفیسر (کانٹریکچول) / گیسٹ فیکلٹی (طبیعیات)، مرکز برائے فاصلاتی اور آن لائن تعلیم، مانو، حیدرآباد

- **پروف ریڈرس** (Proofreaders)**:**

اول	:	ڈاکٹر ضیاء الرحمن
دوم	:	ڈاکٹر رضوان الحق انصاری
فائنل	:	ڈاکٹر ایچ۔ علیم باشا

- **ٹائٹل پیج** (Title Page) : ابرہیم اکرم صدیقی

پیغام

مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی (MANUU) 1998 میں پارلیمنٹ کے ایک ایکٹ کے ذریعے قائم کی گئی۔ یہ ایک مرکزی جامعہ ہے جس نے این اے اے سی کی جانب سے گریڈ +A حاصل کیا ہے۔ اس جامعہ کے قیام کے مقاصد ہیں: (1) اردو زبان کا فروغ، (2) پیشہ ورانہ اور تکنیکی تعلیم کو اردو میڈیم میں قابل رسائی اور دستیاب بنانا، (3) روایتی اور فاصلاتی طریقۂ تعلیم کے ذریعے تعلیم فراہم کرنا، اور (4) خواتین کی تعلیم پر خصوصی توجہ دینا۔ یہ وہ نکات ہیں جو اس مرکزی جامعہ کو دیگر تمام مرکزی جامعات سے ممتاز کرتے ہیں اور اسے ایک انفرادیت بخشتے ہیں۔ قومی تعلیمی پالیسی 2020 میں بھی مادری زبانوں اور علاقائی زبانوں میں تعلیم حاصل کرنے پر زور دیا گیا ہے۔

اردو کے ذریعے علم کے فروغ کا مقصد یہی ہے کہ اردو جاننے والے طبقے کے لیے عصری علوم اور مضامین تک رسائی آسان بنائی جائے۔ ایک طویل عرصے تک اردو میں درسی مواد کی کمی رہی ہے۔ اردو یونیورسٹی کے پاس اب اردو میں 350 سے زیادہ کتابوں کا ذخیرہ موجود ہے اور ہر سمسٹر کے ساتھ اس تعداد میں اضافہ ہو رہا ہے۔

اردو یونیورسٹی این ای پی 2020 کے وژن کے مطابق مادری / گھریلو زبان میں تعلیمی مواد فراہم کرنے کے قومی مشن کا حصہ بننے کو اپنے لیے ایک اعزاز سمجھتی ہے۔ مزید یہ کہ اردو بولنے والا طبقہ اردو میں مطالعہ کے مواد کی عدم دستیابی کے سبب نئے اُبھرتے شعبوں اور جدید تر معلومات کے موجودہ میدانوں میں تازہ ترین معلومات و اطلاعات کے حصول سے محروم نہیں رہے گا۔ مذکورہ بالا میدانوں میں مواد کی دستیابی کی بدولت حصولِ معلومات کا نیا شعور بیدار ہوا ہے جو یقیناً اردو داں طبقے کی دانشورانہ ترقی پر اثر انداز ہو گا۔

فاصلاتی اور آن لائن طلبہ کے لیے تعلیم و تدریس کے عمل کو سہل بنانے کے لیے یونیورسٹی کا سینٹر فار ڈسٹنس اینڈ آن لائن ایجوکیشن (CDOE) اردو اور متعلقہ مضامین میں خود اکتسابی مواد (SLM) کی تیاری کو یقینی بناتا ہے۔

MANUU فاصلاتی اور آن لائن لرننگ کے طلبہ کے لیے SLM بلا معاوضہ فراہم کرتا ہے۔ یہ مواد اُردو کے ذریعے علم حاصل کرنے میں دلچسپی رکھنے والے ہر شخص کے لیے برائے نام قیمت پر دستیاب ہے۔ تعلیم تک رسائی کے دائرے کو مزید پھیلانے کے مقصد سے، اردو / ہندی / انگریزی / عربی میں eSLM یونیورسٹی کی ویب سائٹ پر مفت ڈاؤن لوڈ کے لیے دستیاب رکھا گیا ہے۔

مجھے بے حد خوشی ہے کہ متعلقہ فیکلٹی کی محنت اور مصنفین کے مکمل تعاون کی بدولت FYUG بی۔اے، بی۔ایس سی اور بی۔کام کی کتابوں کی اشاعت کا عمل بڑے پیمانے پر شروع ہو گیا ہے۔ فاصلاتی اور آن لائن لرننگ کے طلبہ کی سہولت کے لیے خود اکتسابی مواد (SLM) کی تیاری اور اشاعت کا عمل یونیورسٹی کے لیے اہمیت رکھتا ہے۔ مجھے یقین ہے کہ ہم اپنے خود تعلیمی مواد کے ذریعے اردو جاننے والے ایک بڑے طبقے کی ضروریات کو پورا کرنے کے قابل ہوں گے اور اس یونیورسٹی کے مقصدِ قیام کو پورا کریں گے اور اپنے ملک میں اپنی موجودگی کو جائز ٹھہرا سکیں گے۔

نیک تمناؤں کے ساتھ!

پروفیسر سید عین الحسن
شیخ الجامعہ، مانو

پیغام

موجودہ دور میں فاصلاتی تعلیم کو دنیا بھر میں ایک نہایت مؤثر اور مفید طریقۂ تعلیم کے طور پر تسلیم کیا جاتا ہے اور بڑی تعداد میں لوگ اس طریقۂ تعلیم سے فائدہ اٹھا رہے ہیں۔ مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی نے بھی اردو زبان بولنے والے عوام کی تعلیمی ضروریات کو مد نظر رکھتے ہوئے اپنے قیام کے وقت سے ہی فاصلاتی تعلیم کا طریقہ متعارف کرایا۔ مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی نے 1998 میں ڈائریکٹوریٹ آف ڈسٹنس ایجوکیشن (نظامتِ فاصلاتی تعلیم) کے ساتھ کام کا آغاز کیا اور 2004 سے باقاعدہ پروگرام شروع ہوئے، اس کے بعد مختلف شعبہ جات قائم کیے گئے۔

یو جی سی نے ملک میں نظام تعلیم کو مؤثر طور پر منظم کرنے میں ایک اہم کردار ادا کیا ہے۔ اوپن اینڈ ڈسٹنس لرننگ (ODL) موڈ کے تحت چلنے والے مختلف پروگرام، جو سینٹر فار ڈسٹنس اینڈ آن لائن ایجوکیشن (CDOE) میں چل رہے ہیں، یو جی سی-ڈی ای بی کے منظور شدہ ہیں۔ یو جی سی-ڈی ای بی نے فاصلاتی اور باقاعدہ تعلیم کے نصاب کو ہم آہنگ کرنے پر زور دیا ہے تاکہ فاصلاتی تعلیم حاصل کرنے والے طلبہ کے معیار کو بہتر بنایا جاسکے۔ چونکہ مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی ایک دُہرے طرز (ڈوئل موڈ) کی یونیورسٹی ہے جو فاصلاتی اور روایتی دونوں طریقۂ تعلیم کی خدمات فراہم کرتی ہے، اس لیے اپنے مقاصد کو یو جی سی-ڈی ای بی کے رہنما خطوط کے مطابق حاصل کرنے کے لیے اس نے چوائس بیسڈ کریڈٹ سسٹم (CBCS) متعارف کرایا گیا جس کا خود اکتسابی مواد (Self Learning Materials) یو جی سی کے قوانین اور کریڈٹ فریم کے مطابق نئے سرے سے تیار کیے جاچکا ہے۔

سینٹر فار ڈسٹنس اینڈ آن لائن ایجوکیشن (CDOE) کل انیس (19) پروگرام پیش کرتا ہے جن میں یو جی، پی جی، بی ایڈ، ڈپلومہ اور سرٹیفکیٹ پروگرام شامل ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ تکنیکی مہارتوں پر مبنی پروگرام بھی شروع کیے جارہے ہیں۔ سی ڈی او ای نے جولائی 2025 سے این ای پی-2020 کے مطابق چار سالہ یو جی پروگرام کا آغاز کیا ہے۔ بی اے، بی ایس سی اور بی کام کے آنرز پروگراموں کو این سی ایف کے مطابق ڈیزائن کیا گیا ہے جس سے طلبہ کو آنرز ڈگری حاصل کرنے میں مدد ملے گی۔ سال 2025-2026 سے ایم بی اے پروگرام او ڈی ایل موڈ میں متعارف کرایا گیا ہے۔

مانو نے طلبہ کی سہولت کے لیے نو ریجنل سنٹرز (بنگلورو، بھوپال، دربھنگہ، دہلی، کولکاتا، ممبئی، پٹنہ، رانچی اور سری نگر) اور چھ سب ریجنل سنٹرز (حیدرآباد، لکھنؤ، جموں، نوح، وارانسی اور امراوتی) کا ایک وسیع نیٹ ورک قائم کیا ہے۔ اس کے علاوہ وجے واڑا میں ایک ایکسٹینشن سنٹر بھی قائم کیا گیا ہے۔ ان ریجنل اور سب ریجنل سنٹروں کے تحت ایک سو پچاس سے زیادہ لرنر سپورٹ سنٹر (LSCs) اور بیس پروگرام سنٹر بیک وقت چلائے جارہے ہیں تاکہ طلبہ کو تعلیمی اور انتظامی سہولیات فراہم کی جاسکیں۔ سینٹر فار ڈسٹنس اینڈ آن لائن ایجوکیشن اپنی تعلیمی اور انتظامی سرگرمیوں میں آئی سی ٹی کا بھرپور استعمال کرتا ہے اور اپنے تمام پروگراموں میں صرف آن لائن موڈ کے ذریعے ہی داخلے فراہم کرتا ہے۔

طلبہ کے لیے سیلف لرننگ میٹیریل (SLM) کی سوفٹ کاپی سینٹر فار ڈسٹنس اینڈ آن لائن ایجوکیشن کی ویب سائٹ پر دستیاب کرائی جاتی ہیں اور آڈیو و ویڈیو ریکارڈنگ کے لنک بھی ویب سائٹ پر فراہم کیے جاتے ہیں۔ اس کے علاوہ طلبہ کو ای۔ میل اور واٹس ایپ گروپ کی سہولت بھی فراہم کی جارہی ہے جن کے ذریعے انہیں پروگرام کے مختلف پہلوؤں جیسے کورس رجسٹریشن، اسائنمنٹ، کاؤنسلنگ، امتحانات وغیرہ کے بارے میں مطلع کیا جاتا ہے۔ باقاعدہ کاؤنسلنگ کے علاوہ گزشتہ دو برسوں سے طلبہ کے تعلیمی معیار کو بہتر بنانے کے لیے زائد تدارکی (Remedial) آن لائن کاؤنسلنگ بھی فراہم کی جارہی ہے۔

امید کی جاتی ہے کہ سینٹر فار ڈسٹنس اینڈ آن لائن ایجوکیشن تعلیمی اور معاشی طور پر پسماندہ آبادی کو عصری تعلیم کے دھارے میں شامل کرنے میں ایک اہم کردار ادا کرے گا۔ تعلیمی ضروریات کو مد نظر رکھتے ہوئے نئی تعلیمی پالیسی (NEP-2020) کے مطابق مختلف پروگرامز میں تبدیلیاں کی گئی ہیں اور توقع ہے کہ اس سے اوپن اینڈ ڈسٹنس لرننگ کے نظام کو مزید مؤثر اور کارآمد بنانے میں مدد ملے گی۔

پروفیسر محمد رضا اللہ خان

ڈائرکٹر، سی ڈی او ای، مانو

کورس کا تعارف

مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی (MANUU) ایک قومی سطح کا ادارہ ہے جو اردو زبان میں اعلیٰ تعلیم فراہم کرنے کے لیے وقف ہے۔ اس یونیورسٹی کا بنیادی مقصد اردو بولنے والے طلبہ کو معیاری تعلیم دینا اور انہیں جدید علمی و تحقیقی شعبوں میں کامیابی کے لیے تیار کروانا ہے۔ MANUU اپنے تعلیمی نظام میں Center for Distance and Online Education (CDOE) کے ذریعے فاصلاتی اور آن لائن تعلیم کو موثر اور مربوط انداز میں منظم کرتا ہے۔ CDOE کا کردار نصاب کی تیاری، تدریس، اور تعلیمی مواد کی فراہمی کو آسان بنانا ہے تاکہ ہر طالب علم، چاہے وہ روایتی یا فاصلاتی نظام سے تعلیم حاصل کر رہا ہو، معیاری تعلیم حاصل کر سکے۔

نئی قومی تعلیمی پالیسی ۲۰۲۰ (NEP 2020) کے تحت فزکس کے نصاب کو اس طرح ترتیب دیا گیا ہے کہ یہ طلبہ کے لیے بہت ہی آسان، بین المضامین (Interdisciplinary)، اور مہارات کی بنیاد پر (Skill-oriented) تعلیمی ماحول فراہم کرے۔ اس کا مقصد نہ صرف بنیادی طبیعیات میں مضبوط بنیاد فراہم کرنا ہے بلکہ طلبہ کو ابھرتے ہوئے سائنسی شعبوں میں مہارت حاصل کرنے کی ترغیب بھی دینا ہے۔ نصاب میں ڈی ایس سی (DSC)، ڈی ایس ای (DSE)، اور ایس ای سی (SEC) کورسز کو مربوط کیا گیا ہے تاکہ طلبہ کو نظریاتی معلومات کے ساتھ ساتھ عملی مہارتیں بھی دی جا سکیں جو آج کے سائنسی اور صنعتی میدان میں بے حد ضروری ہیں۔

یہ کتاب مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی (MANUU) کے بی ایس سی (فزیکل سائنس) پروگرام، سالِ دوم (چوتھا سمسٹر) کے فزکس نصاب میں شامل مضمون **"بنیادی شماریاتی طبیعیات (Basic Statistical Physics)"** پر مشتمل ہے۔ اس کا مقصد طلبہ کو شماریاتی طبیعیات کے بنیادی تصورات، اصولوں اور ان کے عملی اطلاقات سے منظم اور جامع انداز میں روشناس کرانا ہے۔ اس کورس میں شماریاتی طبیعیات کے اہم مباحث جیسے مائیکروسٹیٹس اور میکروسٹیٹس (Microstates & Macrostates)، احتمال (Probability)، تقسیماتی قوانین (Distribution Laws)، میکس ویل–بولٹزمین تقسیم (Maxwell–Boltzmann Distribution)، حراری توازن (Thermal Equilibrium)، اور ترمودینامکی مقداروں کی شماریاتی توجیہہ شامل کی گئی ہے، تاکہ طلبہ طبیعی نظاموں کو خردبینی سطح پر سمجھ سکیں اور ان کے اجتماعی رویّوں کی سائنسی تعبیر کر سکیں۔

کتاب میں سائنسی طرزِ فکر، مشاہدے اور تجربے کی اہمیت کو خاص طور پر اجاگر کیا گیا ہے تاکہ طلبہ نہ صرف نظری مباحث کو سمجھ سکیں بلکہ انہیں عملی زندگی اور جدید سائنسی تناظر میں بھی بروئے کار لا سکیں۔ نصاب کو سہولتِ مطالعہ کے پیشِ نظر بلاکس (Blocks) اور اکائیوں (Units) میں تقسیم کیا گیا ہے۔ کتاب کی زبان سادہ، رواں اور بامحاورہ اردو رکھی گئی ہے، تاہم سائنسی اصطلاحات کے خالص اردو متبادل اختیار کرنے کے بجائے انگریزی اصطلاحات کو برقرار رکھا گیا ہے تاکہ طلبہ بین الاقوامی سائنسی زبان سے ہم آہنگ رہیں اور اعلیٰ تعلیم و تحقیق میں سہولت محسوس کریں۔

یہ کتاب فاصلاتی (Distance Mode) اور روایتی (Regular Mode) دونوں نظامِ تعلیم کے طلبہ کے لیے یکساں طور پر مفید ہے، نیز اردو داں قارئین اور مدارس کے طلبہ کے لیے بھی شماریاتی طبیعیات کو سمجھنے کا ایک مؤثر اور معیاری ذریعہ ثابت ہو سکتی ہے۔ مصنفین کو یقین ہے کہ یہ کاوش طلبہ میں سائنسی تجسس، تنقیدی فکر اور عملی شعور کو فروغ دے گی اور انہیں مستقبل کی اعلیٰ سائنسی و تحقیقی منازل کے لیے مستعد بنائے گی۔

پروفیسر۔ ایچ علیم باشاہ

پروگرام کوآرڈی نیٹر

بنیادی شماریاتی طبیعیات

(Basic Statistical Physics)

اکائی 1۔ شماریاتی میکانکس کا تعارف

(Introduction to Statistical Mechanics)

اکائی کے اجزا

1.0 تمہید

1.1 مقاصد

1.2 شماریاتی میکانیات (اسٹاٹسٹیکل میکانکس)

1.3 حل شدہ مثالیں

1.4 اکتسابی نتائج

1.5 کلیدی الفاظ

1.6 نمونہ امتحانی سوالات

1.6.1 معروضی جوابات کے حامل سوالات

1.6.2 مختصر جوابات کے حامل سوالات

1.6.3 طویل جوابات کے حامل سوالات

1.6.4 غیر حل شدہ سوالات

1.0 تمہید (Introduction)

اسٹاٹسٹیکل میکانکس سائنس کی وہ شاخ ہے جو نظام کے کلاں بینی (Macroscopic) برتاؤ (کثیر تعدادی خصوصیات) اور اس کے خوردبینی Microscopic برتاؤ (انفرادی خصوصیات) کے درمیان تعلق قائم کرتی ہے۔ لہٰذا جیسا کہ نام سے ظاہر ہے اسٹاٹسٹیکل میکانکس کا تعلق نظام کے ذرات کی انفرادی حرکت سے متعلق نہیں ہوتی بلکہ یہ کثیر ممکن برتاؤ کی تلاش کرتی ہے یا ذرات کے اجتماع کے شماریاتی خصوصیات پر بحث کرتی ہے۔

1.1 مقاصد (Objectives)

یہ اکائی میں ہم:

- شماریاتی میکانیات (اسٹاٹسٹیکل میکانکس) کے بارے میں جانیں گے۔
- شماریاتی توازن پر بحث کریں گے۔

1.2 شماریاتی میکانیات (اسٹاٹسٹیکل میکانکس) (Statistical Mechanics)

سترہویں صدی کے اختتام تک طبیعی مظاہر کی وضاحت میکانیات کے عام کلیات کی مدد سے کی جاتی تھی۔ ایک نظام پر غور کیجئے جو کثیر ذرات پر مشتمل ہے۔

i. ایک گیس ایک مول پر غور کریں تو یہ 10^{23} سالمات پر مشتمل ہوتا ہے۔ اس نظام کی تمام تر تفصیلات حاصل کرنے ہمیں 10^{23} مساواتیں حل کرنا ہوگا۔ اس کے علاوہ تمام ذرات کی رفتاروں محل وقوع (پوزیشن) کی معلومات رکھنا بھی ناممکن ہے اس لیے اس نظام پر میکانیات کے عام کلیات عائد کرنا تقریباً ناممکن ہے۔

ii. ایک جوہر کے تابکاری زوال (Decay) پر غور کیجئے۔ اس صورت حال میں کوئی یہ نہیں کہہ سکتا کہ تابکار شئے کا کون سا جوہر کب اور پہلے زوال پذیر ہوگا۔

iii. ایک جوہر میں دو الکٹرانس کی موجودگی کے مسئلہ کو میکانیات کے عام کلیات سے حل نہیں کیا جاسکتا۔

iv. اس لیے ایک ایسے نظام کو جو کثیر ذراعت پر مشتمل ہو میکانیات کے عام کلیات سے حل کرنا ناممکن ہے۔ اس طرح کے مسئلوں کو شماریاتی میکانیات کے طریقے سے کامیابی سے حل کیا گیا۔

اسٹاٹسٹیکل میکانکس سائنس کی وہ شاخ ہے جو نظام کے کلاں بینی (Macroscopic) برتاؤ (کثیر تعدادی خصوصیات) اور اس کے خوردبینی Microscopic برتاؤ (انفرادی خصوصیات) کے درمیان تعلق قائم کرتی ہے۔ لہٰذا جیسا کہ نام سے ظاہر ہے اسٹاٹسٹیکل

میکانکس کا تعلق نظام کے ذرات کی انفرادی حرکت سے متعلق نہیں ہوتی بلکہ یہ کثیر ممکن برتاؤ کی تلاش کرتی ہے یا ذرات کے اجتماع کے شماریاتی خصوصیات پر بحث کرتی ہے۔

اسٹاٹسٹیکل میکانکس کے مطالعہ کی درجہ بندی دو طریقوں میں کی جاتی ہے۔

1. کلاسیکل شماریات یا میکس ویل بولٹزمن اسٹاٹسٹکس
2. قدری شماریات یا کوانٹم اسٹکاٹسٹیکس (Quantum Statistics) کوانٹم شماریات کو مزید دو ذیلی درجوں میں تقسیم کیا گیا۔
   a. بوس۔آئین اسٹائین اسٹاٹسٹکس
   b. فری۔ڈیراک اسٹاٹسٹکس

کلاسیکی شماریات میں میکس ویل کے سالماتی رفتاری تقسیم کے کلیہ کے نتائج سے استفادہ کیا جاتا ہے۔ میکس ویل، بولٹزمن شماریات ایک گیس کے مظہر مثلاً تپش دباؤ، توانائی وغیرہ کی وضاحت کامیابی سے کرتی ہے۔ لیکن تجرباتی مشاہدہ کردہ حقائق مثلاً سیاہ جسم سے اشعاع (بلیک باڈی ریڈیشن)، ضیائی برقی اثر (فوٹو الکٹرک ایفکٹ) کم تپش پر حرارت نوعی وغیرہ کی وضاحت کرنے میں ناکام ہوگئی۔ ان مظاہر کی وضاحت کے لئے بوس آئین اسٹائین، فری ڈیراک نے کوانٹم اسٹاٹسٹکس کو پروان چڑھایا۔ کوانٹم اسٹاٹسٹک کے ایک درجہ کو بوس۔ آئین اسٹائین اسٹاٹکس اور دوسرے درجے کو فرمی ڈیراک اسٹاٹسٹک کہتے ہیں۔ ذرات جو بوس آئین اسٹائین کی شماریات کی پابندی کرتے ہیں۔ بوسانس (Bosons) کہلاتے ہیں جیسے فوٹان، گراؤنڈ اسٹیٹ میں ہیلیم کا جوہر اور α ذرات وغیرہ۔ وہ ذرات جو فرمی۔ڈیراک شماریات کی پابندی کرتے ہیں۔ فرمیانس (Fermins) کہلاتے ہیں۔ مثلاً پروٹان الکٹران، نیوٹران وغیرہ۔

1.3 حل شدہ مثالیں (Solved Problems)

حل شدہ مثال 1

NTP پر نائٹروجن کے سالمہ کا مین فری پاتھ $8.85 \times 10^{-6} cm$ اور سالمی رفتار $4.5 \times 10^4\ cm/sec$ ہے۔ نائٹروجن کی سالمی کثافت $1.25 \times 10^{-3}\ gm/cc$ ہو تو نائٹروجن کی شروع وسکاسٹی محسوب کیجئے۔

حل: دیا گیا ہے کہ

$$\eta = ? \text{ تب } = 1.25 \times 10^3\ gm/cc\ \bar{C} = 4.5 \times 10^4\ cm/Sec\ \ \lambda = 8.85 \times 10^{-3}$$

$$\eta = \frac{1}{3} xp\bar{C}\lambda$$

$$= \frac{1}{3} \times 1.25 \times 10^{-3} \times 4.5 \times 10^4 \times 8.85 \times 10^{-3}$$

$$\eta = 166 \times 10^{-6}\ dynes/cm^2/unit\ velocitygradient$$

حل شدہ مثال 2

آکسیجن کے سالمہ کا قطر $2.14 \times 10^{-10}m$ اور مستقل حجم پر حرارت نوعی $0.653 \times 10^3 j/kg/k$ اور سالمہ کی کمیت 5.31×10^{-26} ہے اگر بولٹز من مستقبل 1.38×10^{-23} ہو تب O^0C پر آکسیجن کے سالمہ کی شرح تھرمل کنڈکٹی ویٹی محسوب کیجئے۔

حل: دیا گیا ہے کہ

$$K = 1.38 \times 10^{-23}\, j/k\,, m = 5.31 \times 10^{-23} kg, Cv = 0.653 \times 10^3 m\ mks\ Unit, d = 2.14 \times 10^{-10} m$$

تب

$$K = ?$$

ہم جانتے ہیں

$$K = \frac{1}{3\sqrt{2}} \frac{m\bar{c}Cv}{\Pi d^2}$$

اور

$$\bar{c} = \left(\frac{8kT}{\Pi m}\right)^{1/2}$$

$$= \left(\frac{8 \times 1.38 \times 10^{-23} \times 273}{3.14 \times 5.31 \times 10^{-26}}\right)^{1/2}$$

لہٰذا

$$\bar{c} = 425\ m/s$$

$$K = \frac{1}{3\sqrt{2}} \frac{m\bar{c}Cv}{d^2} = \frac{1}{3 \times 1.414} \times \frac{5.31 \times 10^{-26} \times 425 \times 0.653 \times 10^3}{3.14 \times 2.14 (10^{-10}) 2} = 24 \times 10^{-3} mksuni$$

1.4 اکتسابی نتائج (Learning out comes)

- مین فری پاتھ وہ اوسط فاصلہ ہے۔ جو ایک سلامہ و متواتر تصادم کے درمیان طئے کرتا ہے۔

$$\lambda = \frac{1}{\sqrt{2}\pi n d^2}$$

جہاں n عددی کثافت اور d سالمہ کا قطر ہے۔

- ایک گیس میں ٹرانسپورٹ کے مظہر کی وجہ سے مومنٹم کی منتقلی وسکاوسٹی کا سبب اور توانائی کی منتقل کنڈکٹی ویٹی کا سبب بنتی ہے۔
- ذرات کا ایسا مجموعہ جس میں صرف ایک ذرہ زیر غور ہو سسٹم، ذرات کے مجموعے کو اجتماع (اسمبلی) اور کئی اسمبلیوں کے مجموعہ کو Ensemble کہتے ہیں۔
- وہ ذرات جو میکس ویل بولٹز من ڈسٹری بیوشن کلیہ کی پابندی کرتے ہیں کلاسیکی ذرات کہلاتے ہیں۔

- وہ ذرات جو بوس آئین اسٹائین ڈسٹری بیوشن کلیہ کی پابندی کرتے ہیں بوسانس کہلاتے ہیں۔
- وہ ذرات جو فری ڈیراک ڈسٹری بیوشن کی پابندی کرتے ہیں فرمیانس کہلاتے ہیں۔

1.5 کلیدی الفاظ (Keywords)

- Spin (اس + پن): کسی ذرہ (الکٹران) کی تیز گردش
- Eigenstate (آئی + جن + اس + ٹیٹ): ذرہ کی قابل مشاہدہ اور قابل شناخت حالت میں اس کی پوزیشن مومنٹم اور انرجی بیان کی جاسکے۔

1.6 نمونہ امتحانی سوالات (Sample Questions for Examination)

1.6.1 معروضی جوابات کے حامل سوالات (Objective Answer type Questions)

1. مین فری پاتھ سے کیا مراد ہے؟
2. کس اسٹاٹسٹیکلس میں تپش مطلق پر سسٹم کی انرجی صفر نہیں آتی؟
3. تھرموڈائنامکس پروبابلیٹی تھیورم بیان کیجئے۔
4. ڈسٹری بیوشن کلیہ $ni = \frac{gi}{(e^{a+\varepsilon i/kT}-1)}$ کی پابندی کرنے والے ذرات کہلاتے ہیں۔

(a) بوسانس (b) فرمیانس

(c) پائی آنس (d) کلاسیکل ذرات

5. فرمیانس ذیل کی کلیہ کی پابندی کرتے ہیں؟

(a) بوس آئین اسٹائین (b) فرمی ڈیراک

(c) میکس ویل بولٹزمن (d) تمام کلیات کی پابندی کرتے ہیں

6. ایک گیس کی تپش مطلق میں 4 گناہ اضافہ کیا جائے اس کی rms اسپیڈ میں اضافہ ہو گا۔

(a) چار گنا (b) 2 گناہ

(c) تین گنا (d) ¼ گناہ

7. الکٹرانکس کون سی اسٹاٹسٹکس کی پابندی کرتے ہیں؟

FD(a) BE(b)

MB(c) (d)سب کی

8. ایک نظام میں 4 ذرات ہیں انہیں یکے بعد دیگرے ترتیب دینے کے جملہ طریقے ہوں گے۔

(a) $!4$ (b) $\frac{!4}{4}$

(c) $\frac{!4}{4}$ (d) 1

1.6.2 مختصر جوابات کے حامل سوالات (Short Answer Type Questions)

1. اسٹاٹسٹیکل ایکولی بیرم سے کیا مراد ہے؟
2. فیز اسپیس اور فیز پوائنٹ کی وضاحت کیجئے۔

1.6.3 طویل جوابات کے حامل سوالات (Long Answer Type Questions)

1. ایک گیس میں مظہر ٹرانسپورٹ سے کیا مراد ہے؟ کائی نیٹک تھیوری کی بنیاد پر ایک گیس میں کوئی فی شنٹ آف وسکاسٹی کی مساوات اخذ کیجئے۔
2. کلاسیکل اور کوانٹم اسٹاٹسٹکس کے درمیان فرق واضح کیجئے۔ میکس ویل بولٹزمن بوس آئین اسٹائین اور فری ڈیراک اسٹاٹسٹکس پر مختصر نوٹ لکھیے۔
3. اسٹاٹسٹیکل ایکولی بیرم پر بحث کیجئے اور اس کے لیے ضروری شرائط اخذ کیجئے۔

1.6.4 غیر حل شدہ سوالات ((Unsolved Questions)

1. کس تپش پر ہائیڈروجن کے سالمہ کی اروتیج اسپیڈ نائٹروجن کے سالمہ کی اورتیج اسپیڈ کے مساوی ہوگی جب کہ نائٹروجن کا سالمہ 35^oC تپش پر ہے؟ (جواب: -251^0C)
2. ایک نائٹروجن کے سالمہ کا میں فری پاتھ پر محسوب کیجئے دیا گیا ہے کہ $d = 3.2 \times 10^{-10}$ اور نائٹروجن کے سالموں کی تعداد فی اکائی حجم 2.7×10^{19} (جواب: $0.8 \times 10^{-7}m$)
3. O^0C پر آکسیجن کے سالمہ کی کوافی شنٹ آف وسکاٹی کی قیمت محسوب کیجئے۔ دیا گای ہے کہ سالمہ کا مین پاتھ کرہ ہوائے کے دباؤ پر $9.58 \times 10^{-8}m$ اور سالمہ وزن $32 \times 10^{-3}kg$ ہے۔ (جواب: $1.93 \times 10^{-5}NS/m^2$)
4. سالمات کی بالترتیب اسپیڈ 1.61.61.52 اور 1.2 کیلو میٹر فی سکنڈ ہے تب سالمات کی موسٹ پرو بیبل اسپیڈ محسوب کیجئے۔

(جواب: $1.60\ km/s$)

اکائی 2۔ شماریاتی میکانیات

(Statistical Mechanics)

اکائی کے اجزا

2.0 تمہید

2.1 مقاصد

2.2 شماریاتی میکانیات (اسٹاٹسٹیکل میکانکس)

2.3 شماریاتی توازن

2.3.1 ہیت، فضا

2.3.2 تقسیمی امکان

2.3.3 حرحرکیاتی امکان

2.4 حل شدہ مثالیں

2.5 اکتسابی نتائج

2.6 کلیدی الفاظ

2.7 نمونہ امتحانی سوالات

2.7.1 معروضی جوابات کے حامل سوالات

2.7.2 مختصر جوابات کے حامل سوالات

2.7.3 طویل جوابات کے حامل سوالات

2.7.4 غیر حل شدہ سوالات

2.0 تمہید (Introduction)

اسٹاٹسٹیکل میکانکس سائنس کی وہ شاخ ہے جو نظام کے کلاں بینی (Macroscopic) برتاؤ (کثیر تعدادی خصوصیات) اور اس کے خوردبینی Microscopic برتاؤ (انفرادی خصوصیات) کے درمیان تعلق قائم کرتی ہے۔ لہٰذا جیسا کہ نام سے ظاہر ہے اسٹاٹسٹیکل میکانکس کا تعلق نظام کے ذرات کی انفرادی حرکت سے متعلق نہیں ہوتی بلکہ یہ کثیر ممکن برتاؤ کی تلاش کرتی ہے یا ذرات کے اجتماع کے شماریاتی خصوصیات پر بحث کرتی ہے۔

2.1 مقاصد (Objectives)

یہ اکائی میں ہم:

- شماریاتی میکانیات (اسٹاٹسٹیکل میکانکس) کے بارے میں جانیں گے۔
- شماریاتی توازن پر بحث کریں گے۔

2.2 شماریاتی میکانیات (اسٹاٹسٹیکل میکانکس) (Statistical Mechanics)

سترہویں صدی کے اختتام تک طبیعی مظاہر کی وضاحت میکانیات کے عام کلیات کی مدد سے کی جاتی تھی۔ ایک نظام پر غور کیجئے جو کثیر ذرات پر مشتمل ہے۔

i. ایک گیس ایک مول پر غور کریں تو یہ 10^{23} سالمات پر مشتمل ہوتا ہے۔ اس نظام کی تمام تر تفصیلات حاصل کرنے ہمیں 10^{23} مساواتیں حل کرنا ہوگا۔ اس کے علاوہ تمام ذرات کی رفتاروں محل وقوع (پوزیشن) کی معلومات رکھنا بھی ناممکن ہے اس لیے اس نظام پر میکانیات کے عام کلیات عائد کرنا تقریباً ناممکن ہے۔

ii. ایک جوہر کے تابکاری زوال (Decay) پر غور کیجئے۔ اس صورت حال میں کوئی یہ نہیں کہہ سکتا کہ تابکار شئے کا کون سا جوہر کب اور پہلے زوال پذیر ہوگا۔

iii. ایک جوہر میں دو الکٹرانس کی موجودگی کے مسئلہ کو میکانیات کے عام کلیات سے حل نہیں کیا جاسکتا۔

iv. اس لیے ایک ایسے نظام کو جو کثیر ذراعت پر مشتمل ہو میکانیات کے عام کلیات سے حل کرنا ناممکن ہے۔ اس طرح کے مسئلوں کو شماریاتی میکانیات کے طریقے سے کامیابی سے حل کیا گیا۔

اسٹاٹسٹیکل میکانکس سائنس کی وہ شاخ ہے جو نظام کے کلاں بینی (Macroscopic) برتاؤ (کثیر تعدادی خصوصیات) اور اس کے خوردبینی Microscopic برتاؤ (انفرادی خصوصیات) کے درمیان تعلق قائم کرتی ہے۔ لہٰذا جیسا کہ نام سے ظاہر

ہے اسٹاٹسٹیکل میکانکس کا تعلق نظام کے ذرات کی انفرادی حرکت سے متعلق نہیں ہوتی بلکہ یہ کثیر ممکن برتاؤ کی تلاش کرتی ہے یا ذرات کے اجتماع کے شماریاتی خصوصیات پر بحث کرتی ہے۔

اسٹاٹسٹیکل میکانکس کے مطالعہ کی درجہ بندی دو طریقوں میں کی جاتی ہے۔

1. کلاسیکل شماریات یا میکس ویل بولٹزمن اسٹاٹسٹکس
2. قدری شماریات یا کوانٹم اسٹکاٹسٹیکس (Quantum Statistics) کوانٹم شماریات کو مزید دو ذیلی درجوں میں تقسیم کیا گیا۔
   a. بوس۔آئین اسٹائین اسٹاٹسٹکس
   b. فری۔ڈیراک اسٹاٹسٹکس

کلاسیکی شماریات میں میکس ویل کے سالماتی رفتاری تقسیم کے کلیہ کے نتائج سے استفادہ کیا جاتا ہے۔ میکس ویل، بولٹزمن شماریات ایک گیس کے مظہر مثلاً تپش دباؤ، توانائی وغیرہ کی وضاحت کامیابی سے کرتی ہے۔ لیکن تجرباتی مشاہدہ کردہ حقائق مثلاً سیاہ جسم سے اشعاع (بلیک باڈی ریڈیشن)، ضیائی برقی اثر (فوٹو الکٹرک ایفکٹ) کم تپش پر حرارت نوعی وغیرہ کی وضاحت کرنے میں ناکام ہوگئی۔ ان مظاہر کی وضاحت کے لئے بوس آئین اسٹائین، فری ڈیراک نے کوانٹم اسٹاٹسٹکس کو پروان چڑھایا۔ کوانٹم اسٹاٹسٹک کے ایک درجہ کو بوس۔ آئین اسٹائین اسٹاٹکس اور دوسرے درجے کو فرمی ڈیراک اسٹاٹسٹک کہتے ہیں۔ ذرات جو بوس آئین اسٹائین کی شماریات کی پابندی کرتے ہیں۔ بوسانس (Bosons) کہلاتے ہیں جیسے فوٹان، گراؤنڈ اسٹیٹ میں ہیلم کا جوہر اور α ذرات وغیرہ۔ وہ ذرات جو فرمی۔ڈیراک شماریات کی پابندی کرتے ہیں۔ فرمیانس (Fermins) کہلاتے ہیں۔ مثلاً پروٹان الکٹران، نیوٹران وغیرہ۔

2.3 شماریاتی توازن (Statistical Equilibrium)

ایک حرکیاتی علیحدہ (Isolated) نظام پر غور کیجئے جو N ذرات پر مشتمل ہے۔ فرض کیجئے ان ذرات کو حامل توانائی کے درجات کی توانیاں $E_1, E_2, E_3 \ldots . E_n$ ہیں۔

فرض کیجئے کہ دیے گئے وقت کے کسی بھی لمحے میں توانائی کے E_1 درجہ میں n_1 ذرات E_2 درجہ میں n_2 ذرات وغیرہ ہیں تب ہم لکھ سکتے ہیں۔

$$N = n_1 + n_2 + n_3 + \ - \ - \ - = \sum ni$$
$$U = n_1E_1 + n_2E_3 + n_3E_3 + \ - - - = \sum_1 n_iE_i$$

جہاں U نظام کی کل توانائی ہے۔

یہاں پر تصور کیا گیا کہ ذرات ایک دوسرے سے تعامل (ری ایکٹ) نہیں کرتے اور مجموعی توانائی U مستقل ہے۔ ہم جانتے ہیں کہ گیس کے سالمات ایک دوسرے سے اور برتن کی دیوار سے ٹکراتے ہیں جس کی وجہ سے $n1, n2$ اور $n3$ مسلسل تبدیل ہوتے رہتے

ہیں۔اس کی وجہ یہ ہے کہ سالمات توانائی کے ایک درجے سے دوسرے درجہ کو عبور کرتے رہتے ہیں۔ یہ تصور کرنا بجا ہے کہ نظام کے ہر درجے کے لیے ایک نہایت پسندیدہ تقسیم ہوتی ہے جب تقسیم مکمل ہوتی ہے تب نظام حالت توازن حاصل کرلیتا ہے جسے شماریاتی توازن کہتے ہیں۔

2.3.1 ہیت، فضا(فیز اسپیس)(Phase-Space)

اسٹاٹسٹیکل ایکوی لیپزیم پر غور کرنے سے قبل ہم اصطلاحات اژدھام (ان سمبل) Ensemble فیز پوائنٹ(Phase point)اور فیز اسپس Phase-Spaceاور کثافتی تقسیم(ڈنٹی آف ڈسٹری بیوشن)کا تعارف کروائیں گے۔

ان سمبل(Ensemble):

ذرات کا ایسا مجموعہ جس میں صرف ایک ذرہ زیر غور ہو نظام(سسٹم)کہلاتا ہے اور ذرات کے تمام مجموعے کو اجتماع (اسمبلی)(Assembly)اور کئی اسمبلیوں کے مجموعے کو اژدھام(Ensemble)کہتے ہیں۔

فیز نقاط(فیز پوائنٹس)اور فضا(فیز اسپیس)(Phase Space):

کلاسیکل میکانکس میں ذرہ کی وضع(پوزیشن)تین کارتیزی(Castesian)(x,y,z)محدد سے ظاہر کی جاتی ہے۔ ذرہ کے تین ڈگری آف فریڈم ہوتے ہیں۔ ذرہ کی حالت حرکت کی رفتار جز $\frac{dx}{dt}, \frac{dy}{dt}, \frac{dz}{dt}$یا v_x, v_yاور v_zسے ظاہر کرتا ہے۔ ذرہ کی حرکت کو بعض اوقات سہولت بخش بنانے کے لیے رفتاری محدد کے بجائے مومنٹم محدد $\left(mv_x, mv_y\right.$اور $\left.mv_z\right)$کی رقوم میں ظاہر کیا جاتا ہے جہاں m سے مراد ذرہ کی کمیت ہے۔ اس طرح ایک واحد ذرہ کی وضع کو بیان کرنے کے لیے کارتیزی محدد x,yاورz محدد اور متعلقہ مومنٹم جز p_x, p_yاور p_zکی ضرورت پڑتی ہے۔ اس سے ظاہر ہے کہ ایک ذرہ کی حرکت کو ایک نظام میں مکمل طور پر ظاہر کرنے کے لیے 6 محدد کی ضرورت ہوتی ہے۔ Gibbs نے یہ تجویز پیش کی کہ ذرہ کی کسی بھی لمحاتی حالت(پوزیشن اور مومنٹم)کو ظاہر کرنے کے لیے سہولت کی خاطر فضا میں ہم ایک چھ ابعادی فضا کو تصور کریں جس میں 6 محدد $\left(p_x, p_y, p_z\right.$اور $\left.x, y, z, p_x, p_y, p_Z\right)$کی نشاندہی اس طرح کی جائے کہ 6 محدد آپس میں باہمی طور پر عمودوار ہوں۔ یہ ایک خالص ریاضیاتی نظریہ ہے۔ یہ چھ ابعادی فضاہیت فضا(فیز اسپیس)یا μاسپیس کہلاتی ہے۔ فیز اسپیس میں ایک ایسانقطہ جو ذرہ کی لمحاتی حالت کو ظاہر کرتا ہے ہیت نقطہ (فیز پوائنٹ)(Phase Point)کہلاتا ہے۔ جیسے جیسے وقت آگے بڑھتا ہے فیز پوائنٹ، فیز اسپیس میں داخل ہوتا ہے اور اس کی یہ حرکت ذرہ کا راستہ (ٹراجکٹری) کہلاتی ہے۔ فیز پوائنٹ کی تعداد فی اکائی حجم ان نقاط کی فیز ڈنسٹی(Phase Density) کہلاتی ہے۔

فیز اسپیس میں کثافتی تقسیم(Density Distribution in Phase Space):

کسی بھی ایک ان سمبلی کی حالت ظاہر کرنے کے لیے کثافتی تفاعل(ڈنسٹی فنکشن)ρکے ساتھ فیز اسپیس میں فیز پوائنٹس تقسیم ہوتے ہیں ڈنسٹی فنکشن کو ڈنسٹی آف ڈسٹری بیوشن یا پروبابلیٹی ڈنسٹی یا ڈسٹری بیوشن فنکشن کہتے ہیں۔ ڈنسٹی فنکشن ρپوزیشن

محدد $(q_f \ldots q_3, q_2, q_1)$ کا تفاعل اور f مومنٹم محدد $(p_f \ldots p_2, p_1)$ مل کر فیز اسپیس میں 2f مشترکہ پوزیشن مومنٹم محدد بناتے ہیں ρ بھی وقت کا ایک تفاعل ہے کیونکہ وقت کے ساتھ فیز پوائنٹ اور فیز اسپیس کی حرکت سے کثافت میں تبدیلی آتی ہے۔

لہٰذا $\rho = \rho(q_1, q_2 - - - q_f; p_1, p_2 - - - p_f, l)$

یا $\rho = \rho(q, p, t)$

ڈنسٹی آف ڈسٹری بیوشن کی اہمیت یہ ہے کہ یہ ان سسٹم کی تعداد کو ظاہر کرتی ہے جو ایک دیے ہوئے وقت میں فیز اسپیس کے مختصر حجم میں پائے جاتے ہیں۔

ایک ان سمبلی کو حالت توازن میں رکھنے ذیل کی دو شرائط کی پابندی ضروری ہے۔

a. فیز پوائنٹس کو مختلف علاقوں (Regions) میں معلوم کرنے کے امکانات وقت سے آزاد (Independent) ہونے چاہئے۔

b. ایک ان سمبلی کے سسٹم کی خصوصیات کی اوسط قیمت بھی وقت سے آزاد ہونی چاہئے۔

ریاضیاتی طور پر ایک ان سمبلی کے اسٹاٹسٹیکل ایکوی لیبریم کو ظاہر کرنے کی مساوات

$$\left(\frac{\partial p}{\partial t}\right)_{q.p} = 0$$

یہ مساوات ظاہر کرتی ہے کہ ان سمبل کو p اور q کی تمام قیمتوں کے لیے اسٹاٹسٹیکل ایکوی لیبریم میں رہنے کے لیے کثافت ρ بھی فیز اسپیس کے تمام نقاط پر وقت سے آزاد رہنی چاہئے۔

امکانات کا تصور (Concept of Probability):

امکانات کو تصور کو سمجھنے کے لیے فرض کیجئے کہ ہم ایک سکہ کو ٹاس کرتے ہیں سکہ چت (Head) گرے یا پٹ (Tail) اس کا امکان 1/2 یا 50٪ ہو گا۔ اگر سکہ کو کئی مرتبہ ٹاس کیا جائے تب سکہ کے چت یا پٹ گرنے کے امکانات 50٪ یا نصف، نصف ہوں گے اس حقیقت کو پرابو بلیبٹی کی رقوم میں بیان کیا جاتا ہے۔ کسی ایک واقعہ event کے مکان سے مراد وہ نسبت ہے جو کیسس (Cases) کی تعداد جس میں ایک ایونٹ وقوع پذیر ہوتا ہے اور کیس کی مجموعی تعداد کے درمیان پائی جاتی ہے بشرطیکہ ایونٹ کی تعداد بہت زیادہ ہو۔

$$\frac{\text{کیس کی تعداد جس میں ایونٹ واقع ہوتا ہے}}{\text{کیس کی مجموعی تعداد}} = \text{ایک ایونٹ کا امکان}$$

فرض کیجئے ایک ایونٹ a طریقے سے واقع ہوتا ہے اور b طریقے سے وقوع ہونے میں ناکام ہوتا ہے تب۔

$\frac{a}{a+b}$ = ایونٹ کے واقع ہونے کا امکان

$\frac{b}{a+b}$ = ایونٹ کے ناکام ہونے کا امکان

یہاں یہ مان لیا جاتا ہے کہ $(a+b)$ طریقہ کے وقوع ہونے کا امکان یکساں ہے۔ لیکن دو امکانات کا حاصل $\frac{a}{a+b} + \frac{b}{a+b}$ ہمیشہ 1 ہوتا ہے کیونکہ یا تو ایونٹ واقع ہوتا ہے یا فیل ہو جاتا ہے۔

فرض کیجئے کہ چار لڑکے ہیں، A,B,C اور D جو ایک خاص سرخ رنگ کا بال حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ تب A کے سرخ بال کو حاصل کرنے کا امکان ¼ ہے۔ اسی طرح مان لیجئے ایک سبز بال ہے جسے 4 لڑکوں میں تقسیم کرنا ہے تب A کا سبز بال حاصل کرنے کا امکان ¼ ہے۔ لہٰذا A کا بہ یک وقت 2 بال حاصل کرنے کا امکان $\frac{1}{4} \times \frac{1}{4} = \frac{1}{16}$ ہوتا ہے۔ لہٰذا ایک مخلوط (Composite) ایونٹ کے واقع ہونے کا امکان مساوی ہوتا ہے انفرادی اور آزاد ایونٹ کے حاصل ضرب کے۔

2.3.2 تقسیمی امکان (Probability of Distribution)

ہم ایک ایسی صورت حال پر غور کریں گے جس میں ایک صندوق کو K خانوں میں تقسیم کیا گیا جس میں ہر خانہ کا رقبہ a_1, a_2, a_3 — ایک دوسرے سے مختلف ہے فرض کیجئے کہ N تعداد میں قابل امتیاز (Distinguishable) بال بے ترتیب انداز میں صندوق میں پھینکے جاتے ہیں اور ہماری ترجیح کوئی خاص خانہ نہیں ہے۔ یہ عمل ہم کئی بار کریں گے اور ہر بار ہر خانے میں گرنے والے بالوں کی تعداد ریکارڈ کریں گے۔ یہ مشاہدہ کیا گیا ہے کہ ہر خانے میں بالوں کی تقسیم ایک مخصوص انداز میں ایک سے زائد مرتبہ ہوتی ہے۔ اس تقسیم کو کثیر امکانی تقسیم (موسٹ پروبیبل ڈسٹری بیوشن) کہتے ہیں۔ اس قسم کی تقسیم میں ظاہر ہے کہ بالوں کی تقسیم خانے کے سائز کے تناسب میں رہتی ہے۔ اس مسئلہ کو حل کرنے کے لیے ہم کئی مخصوص تقسیموں کے امکانات کا جائزہ لیں گے۔

یہ امکانات دو طرح کے ہیں:

1. ماقبل امکانی تقسیم (پرائری پروبابلیٹی ڈسٹری بیوشن) (A Priori Probability Distribution)
2. حرحرکیاتی امکانی تقسیم (تھرموڈائنامیکل ڈسٹری بیوشن) (Termodnamical Distribution)

1. پرائری پروبابلٹی ڈسٹری بیوشن (A Priori Probability Distribution)

ایک ماقبل امکان g_i وہ امکان ہے جس میں ایک بال i^{th} خانہ میں گرتا ہے۔ وہ نسبت ہے خانے کے رقبہ a_1 اور صندوق کے کل رقبہ A_1 کے درمیان یعنی

$$g_1 = \frac{a_1}{A_1}$$

جہاں $A = a_1 + a_2 + a_3$

ظاہر ہے کہ خانے کا رقبہ جتنا بڑا ہو گا بال کے اس گرنے کا امکان اتنا ہی زیادہ ہو گا اور جن کے رقبے مساوی ہوں گے بال کے ان میں گرنے کے امکانات بھی مساوی ہوں گے اور مزید یہ کہ پرائری پروبابلٹی کا جمع ہر ایک پرائری امکان کے مساوی جو 1 کے مساوی ہو گا۔

$$\sum g_i = g_1 + g_2 + g_3 + - - - + g_1 = 1$$

دوہالوں کے ایک ہی خانے میں بہ یک وقت گرنے کا امکان ہو گا $g_i \times g_i = gi^2$

اس طرح n_i بال بہ یک وقت i^{th} خانے میں گرنے کا امکان $(gi)^{ni}$ ہو گا۔

تب N ہالوں کے K خانوں میں ایک مخصوص پرائری تقسیم اس طرح کہ پہلے خانے میں n_1 بال دوسرے خانے میں n_2 بال n_2 وغیرہ کی مساوات ہو گی۔

$$G = (g_1)^{n_1}, (g_2)^{n_2} - - - (g_i)^{n_i} - - - (g_k)^{n_k}$$

بشرطیکہ $\sum n_i = n_1 + n_2 + n_3 \leftarrow + n_i + n_k$

اگر تمام خانے آپس میں مشابہ ہوں گے تب ان کی پرائری پروبابلیٹی ڈسٹری بیوشن بھی مشابہ ہو گی۔ تب

$$G = \sum_g n_1 + n_2 + \ - - - - + n_k$$

لہٰذا $G = g^N$

چونکہ تمام خانوں میں ہالوں کی تقسیم امکانی طور پر مساوی نہیں ہے اس لیے ہم حرحرکیاتی امکانی تقسیم کا نظریہ متعارف کرائیں گے۔

2.3.3 حرحرکیاتی امکان (تھوموڈائنامک پروبابلیٹی) (Thermodynamic Probability)

پرائری پرابابلیٹی ڈسٹری بیوشن میں یہ تصور کیا گیا تھا کہ پہلے خانے میں n_1 بال ہیں اور دوسرے خانے میں n_2 بال ہیں۔۔۔۔ وغیرہ اس صورت حال کو حاصل کرنے کے طریقے اور بھی ہیں۔

وہ مختلف تواتر Sequences جس میں خانوں میں ہالوں کی تقسیم ہر خانہ میں ہالوں کی تعداد تبدیل کیے بغیر ہو "تھرموڈائنامک پروبابلیٹی ڈسٹری بیوشن کہلاتا ہے۔

فرض کیجئے کہ مجموعی N ہالوں میں سے n_1 ہال پہلے خانے میں گرتے ہیں جس کو ظاہر کرنے کے لیے ہم یہ مساوات استعمال کرتے ہیں۔

$$N_{C_{N_1}} = \frac{N!}{n_1!(N-n_1)!}$$

اب باقی $(N - n_1)$ ہالوں میں سے دوسرے خانے میں گرنے والے ہالوں کی تعداد n_2 ہو گی۔

لہٰذا $N - n1_{C_{n^2}} = \frac{N-n_1}{n_2!(N-n_1-n_2)!}$

پہلے اور دوسرے خانے میں n_1 اور n_2 ہالوں کو منتخب کرنے کے مجموعی طریقے ہوں گے۔

$$\frac{N!}{n_1!(N-n_1)!} \times \frac{(N-n_1)!}{n_2!(N-n_1-n_2)!} = \frac{N!}{n_1!n_2!(N-n_1-n_2)!}$$

اس طرح پہلے خانے میں n_1ہال دوسرے خانے میں n_2ہال اور۔۔۔۔۔۔K خانے میں n_kہال گرنے کے مختلف طریقوں کی کل تعداد ہو گی۔

$$W = \frac{N!}{n_1!(N-n_1)!} \times \frac{(N-n_1)!}{n_2!(N-n_1-n_2)!} \times \frac{(N-n_1-n_2)!}{n_3!(N-n_1-n_2-n_3)!} \times$$

$$\frac{(N-n_1-n_2-------n_K-1)!}{n_K!(N-n_1-n_2-n_3----n_K)!} = \frac{N!}{n_1!n_2!(N-n_1-n_2)!}$$

$$W == \frac{N!}{n_1!n_2!n_3!.....(n_K)!}$$

یہ مساوات تھرموڈائنامیکل پروبابلیٹی ڈسٹری بیوشن کو ظاہر کرتی ہے۔

پرائری پروبابلیٹی ڈسٹری بیوشنGاور تھرموڈائنامیکل ڈسٹری بیوشنwکا حاصل ضرب ٹوٹل ڈسٹری بیوشن پرابلیٹیPہوتا ہے۔

لہٰذا

$$P = G \times W$$

$$P = \frac{N!}{(n_1!n_2!n_3!----n_k i)} \times (g1)^{n1}(g2)^{n2} - - - -(gk)^{nk}$$

$$P = N! \prod_{i=1}^{K} \frac{(gi)^{ni}}{n!}$$

یہ مساوات Nہالوں کی K خانوں میں سے پہلے خانے میں n_1 دوسرے خانے میں n_2۔۔۔ گولے گرنے کے امکان کو ظاہر کرتی ہے۔

حرحرکی شماریات میں امکانیات کے مسئلے(Thermo in Statistical Thermodynamics):

مختلف تقسیمی کلیوں کے مطالعہ کے لیے حسب ذیل امکانی مسئلے مفید ہیں۔

i. N قابل امتیاز ذرات کو مختلف طریقوں سے آرڈر میں ترتیب دینے کی تعداد N_1 ہے۔

مثال کے طور پر ایک نظام میں 4 ذرات ہیں تب ان ذرات کو ترتیب دینے کے طریقے 24=!4 ہیں اس طرح یکے بعد دیگرے ایک نقطہ پر ایک ذرہ رہتا ہے۔

ii. N قابل امتیاز ذروں میں سے nذروں کو مختلف طریقوں سے منتخب کرنے کی تعداد بغیر کسی ترجیح کے ہو گی۔

$$\frac{N!}{(N-n)n!}$$

فرض کیجئے کہ 4 قابل امتیاز ذرات ہیں۔4 ذرات میں سے 3 ذرات کو بغیر کسی ترجیح کے منتخب کرنا ہے۔ یہ انتخاب 4 طریقوں سے کیا جاسکتا ہے۔ اوپر کے مسئلہ کے بموجب $n = 3, N = 4$

لہٰذا $\frac{4!}{(4-3)\times 3!} = \frac{4\times 3\times 2\times 1}{1\times 3\times 2\times 1} = 4$

iii. وہ مختلف طریقے جن میں n قابل امتیاز ذرات کو g قابل شناخت حالتوں (States) میں اس طرح ترتیب دیا جائے کہ ہر حالت میں ایک ذرہ ایک سے زائد مرتبہ نہ ہو۔ اس کی مساوات ہو گی۔

$$\frac{gi}{n!(g-n)i}$$

iv. 4 قابل امتیاز حالتوں پر غور کیجئے اور تین قابل امتیاز ذرات کو تصور کیجئے وہ طریقوں کی تعداد جس میں یہ ترتیب دی جاسکتی ہے وہ 4 ہیں۔

$g = 4, n = 3$ اوپر کے مسئلہ کو استعمال کرنے پر

$$\frac{4!}{3!(4-3)!} = 4$$

2.4 حل شدہ مثالیں (Solved Problems)

حل شدہ مثال 1

NTP پر نائٹروجن کے سالمہ کا مین فری پاتھ $8.85 \times 10^{-6} cm$ اور سالمی رفتار $4.5 \times 10^4\ cm/sec$ ہے۔ نائٹروجن کی سالمی کثافت $1.25 \times 10^{-3}\ gm/cc$ ہو تو نائٹروجن کی شروع وسکاسٹی محسوب کیجئے۔

حل: دیا گیا ہے کہ

$\eta = ?$ تب $= 1.25 \times 10^3\ gm/cc\ \bar{C} = 4.5 \times 10^4\ cm/Sec\ \ \lambda = 8.85 \times 10^{-3}$

$$\eta = \frac{1}{3} xp\bar{C}\lambda$$

$$= \frac{1}{3} \times 1.25 \times 10^{-3} \times 4.5 \times 10^4 \times 8.85 \times 10^{-3}$$

$$\eta = 166 \times 10^{-6}\ dynes/cm^2/unit\ velocitygradient$$

حل شدہ مثال 2

آکسیجن کے سالمہ کا قطر $2.14 \times 10^{-10}m$ اور مستقل حجم پر حرارت نوعی $0.653 \times 10^3 j/kg/k$ اور سالمہ کی کمیت 5.31×10^{-26} ہے اگر بولٹز من مستقبل 1.38×10^{-23} ہو تب O^0C پر آکسیجن کے سالمہ کی شرح تھرمل کنڈکٹی ویٹی محسوب کیجئے۔

حل: دیا گیا ہے کہ

$$K = 1.38 \times 10^{-23} j/k\,, m = 5.31 \times 10^{-23} kg, Cv = 0.653 \times 10^3 m\ mks\ Unit, d = 2.14 \times 10^{-10} m$$

تب

$$K = ?$$

ہم جانتے ہیں

$$K = \frac{1}{3\sqrt{2}} \frac{m\bar{c}Cv}{\Pi d^2}$$

اور

$$\bar{c} = \left(\frac{8kT}{\Pi m}\right)^{1/2}$$

$$= \left(\frac{8 \times 1.38 \times 10^{-23} \times 273}{3.14 \times 5.31 \times 10^{-26}}\right)^{1/2}$$

لہٰذا

$$\bar{c} = 425\ m/s$$

$$K = \frac{1}{3\sqrt{2}} \frac{m\bar{c}Cv}{d^2} = \frac{1}{3 \times 1.414} \times \frac{5.31 \times 10^{-26} \times 425 \times 0.653 \times 10^3}{3.14 \times 2.14 (10^{-10})2} = 24 \times 10^{-3} mksuni$$

2.5 اکتسابی نتائج (Learning out comes)

- مین فری پاتھ وہ اوسط فاصلہ ہے۔ جو ایک سلامہ و متواتر تصادم کے درمیان طئے کرتا ہے۔

$$\lambda = \frac{1}{\sqrt{2}\pi n d^2}$$

جہاں n عددی کثافت اور d سالمہ کا قطر ہے۔

- ایک گیس میں ٹرانسپورٹ کے مظہر کی وجہ سے مومنٹم کی منتقلی وسکاوسٹی کا سبب اور توانائی کی منتقل کنڈکٹی ویٹی کا سبب بنتی ہے۔
- ذرات کا ایسا مجموعہ جس میں صرف ایک ذرہ زیر غور ہو سسٹم، ذرات کے مجموعے کو اجتماع (اسمبلی) اور کئی اسمبلیوں کے مجموعہ کو Ensemble کہتے ہیں۔
- وہ ذرات جو میکس ویل بولٹز من ڈسٹری بیوشن کلیہ کی پابندی کرتے ہیں کلاسیکی ذرات کہلاتے ہیں۔

- وہ ذرات جو بوس آئین اسٹائین ڈسٹری بیوشن کلیہ کی پابندی کرتے ہیں بوسانس کہلاتے ہیں۔
- وہ ذرات جو فری ڈیراک ڈسٹری بیوشن کی پابندی کرتے ہیں فرمیانس کہلاتے ہیں۔
